Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر(۵) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۴ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۰ھ مطابق ۱۴ نومبر سنہ ۱۹۳۱ء (جلد ۴۳)

حصۂ اول

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(سرکاری پریس ریاست رامپور)

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۱ نومبر ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آج بارگاہ دولت و اقبال کے حضور میں صاحب آرمی منسٹر بہادر کے کاغذات مسلکہ پیش ہوئے۔ سید خوشنود احمد کپتان کی نذر فرسٹ رامپور رسالہ ضیا انفنٹری نے ملازمت سے استعفیٰ پیش کیا ہے۔ جو منظور کیا جاتا ہے۔ نامبردہ کا نام ملازمت فوج سے خارج کیا جائے۔ اور خوشنود احمد کی بجائے صاحب آرمی منسٹر بہادر دوسرا آدمی تجویز کرکے جلد رپورٹ پیش کریں

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرڈر جاری کیا جائے۔ نقل روبکار ہذا گزٹ میں درج کی جائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۱ نومبر ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کل صیغہ جات ریاست کے بجٹ بتفصیل مدات منظور ہوتے ہیں اور ہر مد میں مصارف متعلقہ کے لئے ایک رقم منظور ہوتی ہے۔ صیغہ جات جو رقم بطور پیشگی حاصل کرتے ہیں۔ وہ بلا حساب وانداز حاصل کی جاتی ہے۔ اس کا کچھ خیال نہیں ہوتا۔ کہ جس صرف کے لئے رقم پیشگی حاصل کی جا رہی ہے وہ اس رقم کے اندر بھی ہے۔ جو ان مصارف کی بابت بجٹ میں منظور ہوئی ہے۔ بعد ازاں نزدات کی رقم اصل رقم منظورشدہ بجٹ سے بڑھ جاتی ہے۔ اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ صفائی زر پیشگی میں دشواریاں پیش آتی ہیں۔ اور دراز عرصہ تک زر پیشگی کی صفائی نہیں ہوتی۔ جس کی وجہ سے حسابی کارروائیوں میں ابتری ہوتی ہے

لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جس صیغہ سے رقم نزدات حاصل کی جائے اوس کا فرض ہے۔ کہ وہ یہ رقم بجٹ منظور شدہ کے اندر حاصل کرے تمام صیغہ جات میں بجٹ وغیرہ کی نقلیں وغیرہ بھیجی گئی ہیں۔ ان کو معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہمارے بجٹ میں خاص مصارف کے لئے یہ رقم منظور ہوئی ہے۔ پھر اس منظورشدہ رقم سے زیادہ نزدات حاصل کرنا حسابات میں الجھن اور دشواریاں پیدا کرنے کا مرادف ہے۔ خزانہ اور دفتر اکاونٹنٹ جنرل کا بھی اولین فرض ہے۔ کہ جب کسی صیغہ سے عطائے زر پیشگی کا حکم پہونچے تو وہ اسکو جانچ لیں۔ کہ نزدات صحیح حاصل کی جاتی ہے اور اندرون بجٹ ہے:

(۲) دفتر اکاونٹنٹ جنرل میں اس امر کا لحاظ رکھا جائے کہ کوئی حساب جس میں نزدات زائد از بجٹ ہو۔ پاس نہ کیا جائے

(۳) اگر کسی صیغہ کو نزدات کی ضرورت پیش آئے اور یہ رقم نزدات بجٹ منظورشدہ کے باہر ہو تو اول صیغہ متعلقہ سے منظوری توسیع بجٹ وغیرہ کی کارروائی ضابطہ کی جائے۔ اس کے بعد عطائے نزدات کی رپورٹ کی جائے۔ بلا حصول منظوری توسیع وغیرہ نزدات کی رپورٹ بیرون بجٹ نہ بھیجی جائے۔ اگر خزانہ میں کوئی حکم ایسا پہونچے جس میں نزدات کی رقم زائد از بجٹ ہو تو بلا ہمارے خاص حکم کے اوس کی تعمیل نہ کیجائے۔

(۴) کل منسٹر صاحبان بہادر و افسران صیغہ بالخصوص صاحب فائنانس منسٹر بہادر و دفتر اکاونٹنٹ جنرل اسکا ذمہ دار ہے کہ بموجب صراحت بالا عمل درآمد ہو

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا صاحب چیف منسٹر بہادر۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر صاحب فائنانس منسٹر بہادر۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر صاحب

منشی سکریٹری بہادر۔ صاحب پرایوٹ سکریٹری بہادر۔ صاحب پولیٹکل سکریٹری بہادر۔ صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ مرزا صاحب بہادر ڈیوڑھی۔ صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر۔ اور برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۱ ؍ نومبر ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ سپاہیان محمد رفیق خاں نائک۔ و رحمت علی خاں و بیجا خاں سپاہیان بوجہ کمزوری میڈیکل بورڈ سے فوجی خدمات کے قابل نہیں پائے گئے۔

یہ تینوں آدمی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری سے تبدیل ہو کر تھرڈ رامپور رفقت انفنٹری میں آئے ہیں چونکہ نامبردگان میدان جنگ پر گئے تھے اس لئے مستحق پنشن ہیں۔ مدت ملازمت بھی زائد از بیس سال ہے۔ محمد رفیق خاں نائک کو مبلغ چھ روپے ماہانہ اور رحمت علیخاں و بیجا خاں سپاہیان کو مبلغ پانچ پانچ روپے ماہانہ پنشن دیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا معہ کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۳ ؍ نومبر ۱۹۳۱ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے حسب رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر صیغہ تعمیرات وانہار کے اوورسیر و سب اوورسیران کی بحالی و تقرر جدید وغیرہ کے متعلق بصراحت ذیل منظوری دیجاتی ہے:۔

صیغہ تعمیرات:۔ شرافت علیخان اوورسیر تنخواہ موجودہ ماسبق کے جدید کام پر بطور اوورسیر ماہوار رہیں گے اور الاونس بھی پائیں گے۔

سب اوورسیر:۔ حاجی عبدالصمد سب اوورسیر تنخواہ موجودہ و ذریعہ بیرونجات میں تعینات رہیں گے۔ الاونس بدستور پائیں گے

(۲) غلام دستگیر خان سب اوورسیر تخفیف شدہ بمشاہرہ پینتیس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی پینتالیس روپیہ ماہوار پر بحال کیا جاتا ہے۔

(۳) محمد تقی مرزا سب اوورسیر تخفیف شدہ بمشاہرہ پینتیس روپیہ ماہوار و پندرہ روپیہ ماہوار الاونس یعنی پچاس روپیہ ماہوار پر بحال کیا جاتا ہے۔

(۴) پربھو دیال سب اوورسیر کا تقرر جدید بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی ساٹھ روپیہ ماہوار پر منظور کیا جاتا ہے۔

(۵) رضا حسین سب اوورسیر کا تقرر جدید بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی ساٹھ روپیہ ماہوار پر منظور کیا جاتا ہے۔

صیغہ نہر:۔ سب اوورسیر (۱) عبدالسلام خان و شاہ محمد خان سب اوورسیران بموجب آئینہ بدستور اپنی اپنی موجودہ تنخواہ پر سب اوورسیر رہیں گے۔

(۲) ابوالحسن ساکن [illegible] بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی ساٹھ روپیہ ماہوار۔

(۳) سید زائر حسین ساکن امروہہ بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی ساٹھ روپیہ ماہوار۔

(۴) ہیرا لال ساکن بریلی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی ساٹھ روپیہ ماہوار۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ شریف احمد خان کیڈیٹ کی رخصت منسوخ کیجاتی ہے۔ آرمی آرڈر جاری ہو۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

شریف احمد خان کیڈیٹ سکنڈ رامپور مرتضیٰ الفنٹری کو رخصت پندرہ یوم بنا بر انصرام کار شادی بحکم ہمایون منظور فرمائی گئی ہے۔ اب کیڈیٹ مذکور نے درخواست پیش کی ہے کہ شادی کی تاریخ بدل گئی ہے۔ رخصت مذکورہ منسوخ فرمائی جائے۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر نے تنسیخ رخصت مذکور کی تحریک کی ہے۔ کاغذات ذریعہ عرضداشت ہذا حسب ملاحظہ و صدور حکم تنسیخ رخصت مذکور ابلاغ حضور انور ہیں۔ زیادہ حد ادب

دولت واقبال بر ترقی باد۔

عرض

از قیمخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

بعد ملاحظہ عرضداشت لیس سکھا سنگھ کو پانچ روپیہ اور میان پہلوان سنگھ۔ بھوپال سنگھ۔ پنجم سنگھ۔ جگن سنگھ۔ سپاہیان کو چار چار روپیہ ماہوار پنشن دیا جانا منظور ہے آرمی آرڈر جاری ہو۔ اور سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں۔ کاغذات ہذا سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

صاحب آرمی منسٹر بہادر نے نقشہ جات ایک لیس دیدار اور سپاہیان ارسال کئے ہیں اور لکھا ہے کہ سپاہیان جو سبکدوش ہوتے ہیں۔ لیس سکھا سنگھ کی ملازمت ۲۵ سال سے زائد ہے اس کو پانچ روپیہ ماہوار اور باقی سپاہیان پہلوان سنگھ و بھوپال سنگھ و پنجم سنگھ و جگن سنگھ کی ملازمت بیس سال سے کم ہے ان کو چار چار روپیہ ماہوار پنشن بموجب قواعد منظور شدہ مورخہ ۲۳ نومبر ۱۹۳۰ء عطا فرمائی جائے۔ مذا مع کاغذات بشمول نقل روبکار مجوزہ صدر بغرض ملاحظہ و صدور حکم منظوری کا ابلاغ حضور معلی ہیں۔ زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال ہمیشہ بر ترقی باد۔

عرض

از قیمخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ حوالدار احمد رضا خان فرسٹ رامپور رضا

مقتیڑی کو مبلغ چھ روپیہ ماہانہ پنشن دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر جاری ہو۔ کاغذات برائے اجراء احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

حوالدار احمد رضا خان ملازم فرسٹ رامپور رجمنٹ انفنٹری میڈیکل بورڈ سے انفٹ قرار پاکر بموجب بریگیڈ آرڈر مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۳۱ء یکم نومبر ۱۹۳۱ء سے ڈسچارج کر دیا گیا ہے۔ نامبردہ شیلڈ پر گیا تھا حسب ضابطہ آرمی منسٹر بہادر نے نقشہ پنشن مرتب کرکے بھیجا ہے اور لکھا ہے کہ اوسکی ملازمت بیس سال سے کم ہے بموجب قواعد مجریہ ۲۳ نومبر ۱۹۲۲ء چھ روپیہ ماہوار اسکو پنشن عطا فرمائی جائے۔ کاغذات متعلقہ معطوفہ عرضداشت ہذا بغرض ملاحظہ وصدور حکم منظوری ابلاغ اجلاس حضور انور ہیں۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال بر ترقی باد۔

فدوی

ز فیض... دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۳ نومبر ۱۹۳۱ء

نقشہ اجناس ریاست رام پور ہفتہ دوئم ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ر ۱۲ر ۱۳ر ۱۳ر ۱۳ر	۱۲ر	۱۳ر	۱۳ر ۱۵ر	۱۳ر ۱۳ر	۰	دیگر تعلقات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۳ر ۱۳ر	۱۳ر	۱۳ر	۱۳ر	۱۴ر	۰	
نخود کسہ آمیز	۱۴ر ۱۴ر	۰	۱۵ر	۱۵ر	۱۳ر	۰	
کتہ	۱۶ر ۱۶ر	۰	۱۶ر	۱۶ر	۱۳ر	۰	
ماش	۵ر ۶ر	۰	۵ر	۵ر	۷ر	۰	
مونگ	۶ر ۶ر	۰	۰	۶ر	۰	۰	
مکا	۲۳ر ۲۳ر ۲۵ر ۲۵ر ۲۶ر	۲۵ر	۲۸ر	۲۷ر	۲۸ر	۰	
جئی	۱۶ر ۱۶ر	۲۵ر	۰	۰	۰	۰	
گوجئی	۰	۰	۰	۱۷ر	۰	۰	
عدس	۱۴ر ۱۴ر	۰		۱۲ر	۰	۰	
ارہر	۱۱ر ۱۱ر ۱۱ر	۰		۹ر ۱۰ر	۱۰ر ۱۱ر	۰	
برنج	۱۰ر ۹ر ۸ر ۱۱ر ۱۲ر	۱۰ر ۱۲ر	۱۰ر	۸ر ۱۰ر	۱۰ر ۱۱ر	۰	
روغن زرد	۱۰ چھٹانک ۱۰ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	۱ سیر ۱ سیر	۱ر	۰	
روغن سیاہ	۲ر ۳ر	۲ر ۳ر	۲ر	۲ر ۲ر	۲ر	۰	
روغن کنجد	۲ر ۲ر	۲ر	۲ر	۱ر	۲ر	۰	
نمک لاہوری	۶ر	۸ر	۸ر	۰	[illegible]	۰	
نمک سانبھر	۹ر	۱۱ر	۱۱ر	۱۰ر	۱۱ر	۰	
قند سیاہ	۶ر ۶ر ۷ر	۷ر	۵ر	۵ر ۶ر	۷ر	۰	
باجرہ	۱۶ر ۱۸ر ۱۸ر ۱۹ر	۲۰ر	۰	۰	۰	۰	
برف فی من	۵ سیر	۰	۰	۰	۰	۰	

سپلیٹ پرس رامپور